More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

باب نمبر 8

تحریک پاکستان میں خواتین کا حصہ

اہم الفاظ اور معنی

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
ا۔ ولولہ	جوش	۲۔ تلقین	مشورہ، ہدایت
۳۔ شانہ بشانہ	ساتھ ساتھ	۴۔ اپیل	درخواست
۵۔ جوق در جوق	بڑی تعداد میں	۶۔ چرچا	مشہوری
۷۔ استقامت	مضبوطی سے کھڑا ہونا	۸۔ شمولیت	شامل ہونا
۹۔ کٹھن	مشکل، دشوار	۱۰۔ حربے	وار، حملے
۱۱۔ بے سروسامان	پریشان حال	۱۲۔ منظم	باقاعدہ، تنظیم کیا گیا
۱۳۔ حربہ	چال	جدوجہد	کوشش
۱۵۔ اصرار	بہت زور دینا	۱۶۔ جان ڈال دی	پرزور اور بامقصد بنا دیا

سبق کا مرکزی خیال:

دنیا میں کوئی بھی تحریک اس وقت تک کامیابی سے ہمکنار نہیں ہوتی جب تک کہ اس تحریک میں مردوں کے ساتھ خواتین شامل نہ ہوں۔ معاشرے کی تعمیر و ترقی میں خواتین کا اہم کردار ہوتا ہے۔ جیسا کہ تحریک پاکستان کی کامیابی کیلئے خواتین نے اپنا کردار احسن طریقے سے ادا کیا تھا۔

سبق کا خلاصہ:

قائداعظم محمد علی جناحؒ نے جب مسلم لیگ کی قیادت سنبھالی تو اس وقت تحریک

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

میں حصہ لینے والی خواتین کی تعداد بہت کم تھی۔ قائداعظم نے مسلم لیگ کی تنظیم نو میں اس بات کی طرف بھی خاص توجہ دی کہ مردوں کے ساتھ ساتھ خواتین بھی تحریک میں بڑھ چڑھ حصہ لیں۔ لکھنو میں آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس 1937ء میں قائداعظم نے اپنی تقریر میں کہا کہ مردوں، عورتوں اور بچوں سب کو مسلم لیگ کے جھنڈے تلے جمع ہو کر اپنے آپ کو منظم کرنا چاہیے اور اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کرنا چاہیے۔

قائداعظم محمد علی جناحؒ کی بہن محترمہ فاطمہ جناح نے تحریک پاکستان کی سرگرمیوں میں اپنے بھائی کا پورا ساتھ دیا اور اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے یہ کوشش بھی کی کہ خواتین بھی مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کر کے تحریک پاکستان میں اپنا کردار ادا کریں۔ وہ 1937 میں خود مسلم لیگ کی رکن بن گئیں اور خواتین کی مسلم لیگ میں شمولیت کی کوششیں شروع کر دیں۔ قائداعظم کی بیماری میں بھی انہوں نے ان کا بھرپور خیال رکھا۔ قائداعظم کی اپیل کی بدولت آل انڈیا مسلم لیگ میں خواتین نے بھی ایک بڑی تعداد میں شرکت شروع کر دی اور اس طرح آل انڈیا مسلم لیگ کی خواتین شاخ بھی قائم کر دی گئی۔ مسلم لیگ کی خواتین کمیٹی کی پہلی صدر بیگم محمد علی جوہر منتخب ہوئیں۔ وہ آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کی رکن بھی تھیں۔ خواتین کی سب کمیٹی کے لئے بیگم عبداللہ ہارون کو صدر منتخب کیا گیا جو سر عبداللہ ہارون کی بیگم تھیں۔

خواتین نے مسلم لیگ میں شمولیت کے بعد تحریک پاکستان کو آگے بڑھانے اور قائداعظم کا پیغام گھر گھر پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا تحریک پاکستان میں حصہ لینے والی خواتین میں محترمہ فاطمہ جناح، بیگم اختر سلیمان، بیگم سلمٰی تصدق حسین، بیگم جہاں آرا شاہ نواز اور بیگم شائستہ اکرام اللہ کے نام سرفہرست ہیں۔ بیگم رعنا لیاقت علی خان نے بھی تحریک پاکستان میں اپنے شوہر کے ساتھ بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ بیگم جہاں آرا شاہ نواز اور گیتی آرا مشہور مسلم لیگی رہنما سر محمد شفیع کی صاحبزادیاں تھیں جنہوں نے تحریک پاکستان میں نمایاں حصہ لیا۔ بیگم جہاں آرا شاہ نواز کو لندن کے گلڈ ہال میں خطاب کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔ فاطمہ بیگم جو کہ مشہور اخبار پیسہ کے مدیر جناب محبوب عالم کی صاحبزادی تھیں انہوں نے مسلم خواتین کو بیدار کرنے میں اہم کردار ادا کیا انہوں نے خاتون نامی ایک اخبار بھی جاری کیا۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

بیگم شائستہ اکرام اللہ کی سربراہی میں گرلز مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے نام سے ایک تنظیم قائم کی گئی اسی زمانہ میں ویمن نیشنل گارڈ کی تنظیم بھی قائم ہوئی۔ ان دونوں تنظیموں کی رضا کار خواتین نے ملک کے گوشے گوشے میں مسلم لیگ کا پیغام پہنچایا۔ 1946 کے انتخابات میں مسلم لیگ کی کامیابی میں خواتین اور طالبات کا ایک بڑا حصہ تھا۔ 1947 میں برصغیر کی مسلمان خواتین نے حکومت وقت کے خلاف سول نافرمانی کی تحریک میں حصہ لیا اور ثابت کر دکھایا کہ جس قوم کی خواتین میدان عمل میں آجائیں تو پھر اس قوم کو کوئی طاقت شکست نہیں دے سکتی۔ خواتین نے نہ صرف سیاسی کاموں میں حصہ لیا بلکہ وہ سماجی خدمت کے کاموں میں بھی پیش پیش رہی۔

حل شدہ مشق

سوال نمبر ا: درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔

(الف): قائداعظم محمد علی جناحؒ کیوں چاہتے تھے کہ خواتین بھی تحریک پاکستان میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا؟

جواب: قائداعظم محمد علی جناحؒ اس لئے چاہتے تھے کہ خواتین بھی تحریک پاکستان میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں کیونکہ وہ اچھی طرح جانتے تھے کہ خواتین کی شمولیت ہی تحریک پاکستان کی کامیابی کی ضامن ہے۔ وہ یہ بھی جانتے تھے کہ خواتین کی شرکت سے مسلم لیگ کی جدوجہد کو منظم کیا جاسکتا ہے اور اس کا پیغام ملک کے گوشے گوشے تک پہنچایا جاسکتا ہے۔

(ب): قائداعظم محمد علی جناحؒ کی اپیل پر خواتین نے کیا ردعمل ظاہر کیا؟

جواب: قائداعظم محمد جناحؒ کی اپیل پر خواتین بہت بڑی تعداد میں آل انڈیا مسلم لیگ میں شامل ہونے لگیں اور انہیں اپنے قومی اور ملی فرض کا پوری طرح احساس ہوگیا۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(ج): بیگم محمد علی جوہر نے تحریک پاکستان میں کیا خدمات انجام دیں؟

جواب: بیگم محمد علی جوہر جو کہ مولانا محمد علی جوہر کی بیگم تھیں ایک نڈر، باہمت اور حوصلہ مند خاتون تھیں۔ انہوں نے آل انڈیا مسلم لیگ کی خواتین کمیٹی کی پہلی صدر کے طور پر فرائض سرانجام دیئے۔ وہ آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کی رکن بھی رہیں۔ وہ پہلی مسلم خاتون تھیں جنہوں نے صرف عورتوں کے اجلاس سے خطاب کیا۔ بلکہ مردوں کے جلسے میں بھی خطاب کیا۔ تحریک پاکستان کی جدوجہد کو منظم بنانے اور اس کے مقصد کو واضح کرنے میں انہوں نے نمایاں کردار ادا کیا۔

(د): سول نافرمانی کے دوران مسلم خواتین نے حکومتی مظالم کا کس طرح مقابلہ کیا؟

جواب: سول نافرمانی کے دوران حکومت وقت نے خواتین پر لاٹھیاں برسائیں، آنسو گیس کے شیل پھینکے اور سول نافرمانی کے جرم پر خواتین کو گرفتار کرنا شروع کر دیا۔ خواتین حکومت وقت کے اس حربے سے بھی نہ گھبرائیں۔ انہوں نے قید و بند کی سختیوں کو قبول کیا۔ جیل میں رہتے ہوئے بھی انہوں نے اپنا کام جاری رکھا اور دنیا پر واضح کر دیا کہ آزادی کی راہ میں جیل کی دیواریں بھی رکاوٹ نہیں بن سکتیں۔

(ہ): محترمہ فاطمہ جناح نے تحریک پاکستان میں قائداعظم کی کس طرح مدد کی؟

جواب: محترمہ فاطمہ جناح تحریک پاکستان میں اپنے بھائی محمد علی جناح کے ساتھ ساتھ رہیں۔ انہوں نے ہمیشہ قائداعظم کی اخلاقی مدد اور حوصلہ افزائی کی آل انڈیا مسلم لیگ کے 1937 کے اجلاس میں انہوں نے قائداعظم کے ہمراہ شرکت کی۔ 1938 میں وہ مسلم لیگ کی خاتون رکن بن گئیں اور ایک اجلاس میں خواتین کو کل ہند کی بنیاد پر نمائندگی دینے کا مطالبہ کیا۔ قرارداد پاکستان کے اجلاس میں بھی وہ قائداعظم کے ساتھ تھیں۔ انہوں نے تحریک پاکستان کو کامیابی کی منزل سے ہمکنار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

سوال نمبر۲: درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے:

چرچا۔ حربہ۔ ولولہ۔ جدوجہد۔ کٹھن، اصرار

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

جواب کے لیے سبق کا الفاظ معنی دیکھیے۔

سوال نمبر۳: درج ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے:

الفاظ	جملے
ا۔ جوق در جوق	لوگ ہر سال جوق در جوق میلہ دیکھنے کیلئے جاتے ہیں۔
۲۔ مقاصد	یہ ایک تجارتی تنظیم ہے اور اس کے مقاصد پوری طرح واضح ہیں۔
۳۔ قیادت	کسی بھی تحریک کی قیادت کیلئے ایک سمجھدار لیڈر کا انتخاب ضروری ہوتا ہے۔
۴۔ انتخابات	انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے عوام کی رائے اپنے حق میں ہموار کرنا ضروری ہے۔
۵۔ تحریک	کسی بھی سیاسی تحریک کی کامیابی کیلئے ضروری ہے کہ اس میں مردوں کے ساتھ خواتین بھی شامل ہوں۔

سوال نمبر۴: درست تلفظ کے مطابق اعراب لگائیے:

اِصْرار، اِحسَاسْ، شِکَسْت، وَلْوِلَہ، جُوق دَرجُوق.

سوال نمبر۵: جمع کے واحد لکھیے

جمع	واحد	جمع	واحد
ا۔ خواتین	خاتون	۲۔ اقوام	قوم
۳۔ ذمہ داریاں	ذمہ داری	۴۔ مشکلات	مشکل
۵۔ فسادات	فساد	٦۔ مہاجرین	مہاجر

سوال نمبر٦: دی گئی خالی جگہوں کو مناسب الفاظ لکھ کر مکمل کیجئے:

الف: قائداعظمؒ نے سیاسی امور میں اپنی بہن فاطمہ جناح کو ہمیشہ ساتھ رکھا۔

ب: خواتین نے مسلم لیگ کا پیغام گھر گھر پہنچایا۔

ج: قائداعظم نے خواتین کو مسلم لیگ میں شامل ہونے کی اپیل کی۔

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

==

و: ۱۹۴۰ء سے لے کر ۱۹۴۷ء تک کا زمانہ کافی کٹھن تھا۔

ہ: حکومت وقت نے خواتین کو گرفتار کرنا شروع کر دیا تھا۔

سوال نمبر ۷: اس سبق کو پڑھ کر دس سطروں میں اس کا خلاصہ لکھیے۔

جواب کے لئے سبق کا خلاصہ دیکھیے۔

سوال نمبر ۸: بتائیے ان میں سے کون سی شخصیت دوسروں سے مختلف ہے اور کیوں؟

محترمہ فاطمہ جناح۔ بیگم رعنا لیاقت علی خان۔ صغریٰ بی بی۔ بی اماں

جواب: ان تمام شخصیات میں محترمہ فاطمہ جناح کی شخصیت دوسروں سے مختلف ہے۔ محترمہ فاطمہ جناح قائداعظم محمد علی جناح کی بہن تھیں۔ انہوں نے تحریک پاکستان میں قائداعظم کا بھرپور ساتھ دیا اور خواتین میں مسلم لیگ کے پیغام کو عام کیا اور انہیں قائداعظم کا پیغام پہنچایا۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے قائداعظم کی بیماری میں ان کا پورا خیال رکھا اور ان کی بھرپور خدمت کی۔

سوال نمبر ۹: درست بیانات پر (✓) کا نشان لگائیے:

(الف): قائداعظمؒ نے قیادت سنبھالی:

(۱) مسلم لیگ کی (✓) (۲) پاکستان لیگ کی

(۳) عوامی لیگ کی (۴) سٹوڈنٹس لیگ کی

(ب): صغریٰ بی بی نے اپنے دوپٹے سے بنا پرچم لہرایا:

(۱) کمرے میں (۲) چھت پر (✓)

(۳) پارک میں (۴) گیٹ میں

(ج): خواتین مسلم لیگ میں شامل ہونے لگیں:

(۱) درجہ بہ درجہ (۲) ترتیب وار

(۳) جوق در جوق (✓) (۴) آہستہ آہستہ

==

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(د): ۱۹۳۷ء میں قائداعظمؒ نے مسلم لیگ کے اجلاس سے خطاب کیا:

(۱) کراچی میں (۲) لکھنؤ میں (✓)

(۳) دلی میں (۴) لندن میں

(ہ): مسلم لیگ خواتین کی پہلی صدر منتخب ہوئیں:

(۱) بیگم شائستہ (۲) محترمہ فاطمہ جناح

(۳) محترمہ رعنا لیاقت علی خان (۴) بیگم محمد علی جوہر (✓)

(و): ۱۹۴۷ء میں مسلمان خواتین نے کی:

(۱) سول نافرمانی (✓) (۲) لڑائی

(۳) ترقی (۴) صلح

وہ کلمات جو اسم کی جگہ استعمال کیے جائیں۔ اسم ضمیر کہلاتے ہیں۔ مثلاً:

میں، وہ، تم، اس اور انہوں وغیرہ

سوال نمبر۱۰: ذیل کی عبارت کو دوبارہ اس طرح لکھیں کہ ہر جملے میں نام کی جگہ اسم ضمیر آجائے:

جواب: قائداعظمؒ ہمارے لیڈر ہیں۔ انہوں نے مسلمانوں کو متحد کیا اور مسلم لیگ کی قیادت سنبھالی۔ وہ بڑے اصول پسند اور وقت کے بڑے پابند تھے۔ وہ طلبا سے بہت محبت کرتے تھے۔

سوال نمبر۱۱: بانی پاکستان محمد علی جناحؒ نے جو تقریر کی، اس کا خلاصہ لکھیے:

جواب: قائداعظم نے اپنی تقریر میں کہا کہ وہ ہر مرد، عورت اور بچے کو تلقین کرتے ہیں کہ وہ سب آل انڈیا مسلم لیگ کے جھنڈے تلے جمع ہو کر اپنے آپ کو منظم کریں اور اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کریں۔ ایک اور موقع پر انہوں نے تقریر میں کہا کہ انہیں خواتین کے متحد ہونے پر بہت خوشی ہے کیونکہ خواتین کے اس اتحاد اور تنظیم کی بدولت ہم اپنی منزل پر پہنچنے میں کامیاب ہونگے۔

www.perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سوال نمبر۱۲: تحریک پاکستان کی کسی نامور خاتون پر ۲۰۰ الفاظ میں ایک مضمون لکھیے۔

جواب: محترمہ فاطمہ جناح:

محترمہ فاطمہ جناح تحریک پاکستان کی سب سے نامور خاتون ہیں۔ وہ قائداعظم محمد علی جناح کی بہن تھیں۔ انہوں نے تحریک پاکستان میں سب سے نمایاں کردار ادا کیا۔

محترمہ فاطمہ جناح ہمیشہ قائداعظم کے ساتھ رہیں اور قائداعظم کی اخلاقی مدد اور حوصلہ افزائی کرتی رہتیں۔ قائداعظم کی خواہش تھی کہ خواتین بھی تحریک پاکستان میں بھرپور حصہ لیں اس لئے انہوں نے بطور مثال ہمیشہ اپنے بہن کو ساتھ رکھا۔ 1930ء میں پہلی گول میز کانفرنس جو لندن میں منعقد ہوئی اس میں محترمہ فاطمہ جناح قائداعظم کے ساتھ تھیں۔

محترمہ فاطمہ جناح نے اگرچہ دندان سازی کی ڈگری حاصل کر رکھی تھی لیکن عملی طور پر وہ تحریک پاکستان میں بھرپور حصہ لیتی رہیں۔ آل انڈیا مسلم لیگ کے 1937 کے اجلاس میں جو لکھنو میں منعقد کیا گیا اس میں وہ قائداعظم کے ساتھ شریک ہوئیں۔ 1938ء میں محترمہ فاطمہ جناح آل انڈیا مسلم لیگ کی خاتون رکن بن گئیں۔ 1938 میں ممبئی میں ہونے والے اجلاس میں محترمہ فاطمہ جناح نے خواتین کو کل ہند کی بنیاد پر نمائندگی دینے کا مطالبہ کیا۔ قرارداد پاکستان 1940ء کے اجلاس میں بھی وہ قائداعظم کے ہمراہ شریک ہوئیں

محترمہ فاطمہ جناح نہ صرف یہ کہ عملی سیاست میں اپنے بھائی قائداعظم کا ساتھ دیا بلکہ وہ قائداعظم کی بیماری میں بھی ان کا پورا خیال رکھتی رہیں۔ انہوں نے آل انڈیا مسلم لیگ کو خواتین میں مقبول بنایا اور انہیں آل انڈیا مسلم لیگ میں شمولیت کے لئے آمادہ کیا۔ ان کی کوششوں کی بدولت خواتین آل انڈیا مسلم لیگ میں بڑی تعداد میں شامل ہوئیں۔ محترمہ فاطمہ جناح نے تحریک پاکستان کی جدوجہد کا مقصد خواتین کے سامنے واضح کیا اور ان تک قائداعظم کا پیغام پہنچایا۔ محترمہ فاطمہ جناح کے جذبے اور استقامت کو پوری قوم نے دیکھا وہ نہ صرف اپنے بھائی کے معیار پر پوری اتریں بلکہ تحریک پاکستان کو کامیابی سے ہمکنار کرنے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ ان کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے قوم نے انہیں مادر ملت کے خطاب سے نوازا۔

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سوال نمبر۱۳: تحریک پاکستان کی دیگر اہم خواتین شخصیات کے بارے میں طلبا کو معلومات فراہم کیجئے:

جواب: بی اماں جن کا اصل نام عابدی بیگم تھا۔ مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی کی والدہ تھیں۔ انہوں نے تحریک پاکستان کی جدوجہد میں اہم کردار ادا کیا۔ انہون نے ہمیشہ اپنے بیٹوں کی حوصلہ افزائی کی اور انہیں اپنے مقصد پر ڈٹے رہنے کی تلقین کی۔ صغریٰ فاطمہ ایک بہادر خاتون تھیں جنہوں نے سیکریٹریٹ سے برطانوی جھنڈا یونین جیک اتار کر مسلم لیگ کا جھنڈا وہاں لہرا دیا۔ بیگم شائستہ اکرام اللہ سر حسین سہروردی کی صاحبزادی تھیں انہوں نے مسلمان خواتین میں مسلم لیگ کو منظم کیا۔ 1946 میں پاکستان کی جانب سے اقوام متحدہ میں نمائندگی کیلئے جانے والے وفد میں شامل تھیں۔ لیڈی نصرت ہارون جو کہ سر عبداللہ ہارون کی بیگم تھیں سندھ کی ایک نامور خاتون تھیں۔ انہوں نے دہلی میں ایک سماجی کلب نصرت کلب کے نام سے قائم کیا۔ بیگم رعنا لیاقت علی خان نے نہ صرف تحریک پاکستان میں حصہ لیا بلکہ ویمن نیشنل گارڈز اور آل پاکستان ویمن ایسوسی ایشن (اپوا) جیسی تنظیمیں بھی قائم کیں انہوں نے صوبہ سندھ کے گورنر کی حیثیت سے بھی فرائض سرانجام دیئے۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com